**25-06-2024**

**1350 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

-------------------------------

☆ اوم برلا نے لوک سبھا اسپیکر کے عہدے کیلئے NDA امیدوار کی حیثیت سے اپنا پرچہ داخل کیا۔ اپوزیشن آئی این ڈی آئی اے بلاک نے اس عہدے کیلئے کانگریس ایم پی کے سریش کو امیدوار بنایا ہے۔

☆ 18 ویں لوک سبھا کے نئے منتخب ارکان کی حلف برداری کی تقریب آج دوسرے دن بھی جاری ہے۔

☆ چینی سے متعلق بین الاقوامی تنظیمی کونسل کی میٹنگ نئی دلی میں شروع ہوگئی ہے۔ مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے گنے کی پائیدار اور متنوع اقسام کی پیداوار کیلئے عالمی اشتراک وتعاون پر زور دیا ہے۔

☆ Wikileaks کے بانی Julian Assange کو امریکی حکام کے ساتھ معاہدے کے بعد برطانیہ کی جیل سے رہا کردیا گیا ہے۔

☆ سینسیکس میں 500 پوائنٹ سے زیادہ کا اچھال آیا ہے اور یہ نئی بلندی پر پہنچ گیا۔ نفٹی میں بھی اضافہ ہوا ہے۔

☆ اور مردوں کے ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ میں افغانستان ایک دلچسپ میچ میں بنگلہ دیش کو ہراکر پہلی مرتبہ سیمی فائنل میں پہنچ گیا ہے۔ آسٹریلیا ٹورنامنٹ سے باہر ہوگیا ہے۔

------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

LS SPEAKER

بی جے پی کے سینئر رکن پارلیمنٹ اوم برلا لوک سبھا اسپیکر کے لئے NDA کے امیدوار ہوں گے جبکہ

اپوزیشن آئی این ڈی آئی اے بلاک نے اس عہدے کیلئے کانگریس کے رکن پارلیمنٹ کے سریش کو نامزد کیا ہے۔ دونوں امیدواروں نے آج اسپیکر کے عہدے کیلئے اپنے اپنے کاغذات نامزدگی داخل کیئے۔ اسپیکر کا انتخاب کل عمل میں آئے گا۔ اس سے پہلے سرکار اور اپوزیشن، مذکورہ عہدے کیلئے اتفاق رائے بنانے میں ناکام رہی۔ پارلیمنٹ کے باہر نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا کہ سینئر مرکزی وزراء راج ناتھ سنگھ، امت شاہ اور جے پی نڈا نے اس سلسلے میں کانگریس رہنما کے۔سی وینو گوپال اور **DMK** کے رکن پارلیمنٹ ٹی۔آر بالو کے ساتھ ایک میٹنگ کی۔ تاہم وہ جناب برلا کی امیدواری کی توثیق سے قبل نائب اسپیکر کے نام کے اعلان کیلئے اصرار کررہے تھے۔ اس سے قبل کانگریس رہنما راہل گاندھی نے کہا کہ اپوزیشن اسپیکر کے عہدے کیلئے **NDA** امیدوار کو حمایت دینے کیلئے تیار ہے۔ البتہ نائب اسپیکر کا عہدہ اپوزیشن امیدوار کو دیا جانا چاہیئے۔ **X**

## SPEAKER RAHUL

کانگریس کے رکن پارلیمنٹ راہل گاندھی نے آج وزیراعظم نریندرمودی پر یہ الزام لگایا ہے کہ وہ تعمیری ذہن رکھنے والی اپوزیشن میں یقین نہیں رکھتے۔ پارلیمنٹ کے احاطے میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب گاندھی نے کہا کہ مرکزی وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کانگریس کے ملکارجن کھڑگے سے فون پر بات کی کہ وہ اسپیکر کے عہدے کیلئے حکومت کی حمایت کریں۔ کنونشن کے مطابق ڈپٹی اسپیکر کا عہدہ اپوزیشن کو ملنا چاہیئے۔**x**

## LS OATH

**18**ویں لوک سبھا کے پہلے اجلاس کے دوسرے دن کا آغاز آج نو منتخب ارکان پارلیمنٹ کے ایوان کے رکن کی حیثیت سے حلف لینے کے ساتھ ہوا۔ آج جیسے ہی ایوان کا اجلاس شروع ہوا، کانگریس کے ایڈوکیٹ **Gowaal Kagada** پداوی نے ہندی میں حلف لیا جبکہ پارٹی کی ایک اور رکن پارلیمنٹ **Bachhav Shobha** نے مراٹھی میں حلف لیا۔ بی جے پی کی ایم پی اسمتا ادے واگھ نے بھی مراٹھی میں حلف لیا۔ بی جے پی کے ایک اور ایم پی انوپ سنجے دھوترے کے علاوہ کانگریس کے بلونت بسونت وانکھیڑے، این سی پی (شردپوار) پارٹی کے امر شرد راؤ کالے، کانگریس کے شیام کمار دولت **Barve**، شیوسینا کے ڈاکٹر شری کانت ایکناتھ شندے، شیوسینا کے ہی نریش گنپت مہاسکے اور دیگر ارکان پارلیمنٹ کو بھی حلف دلایا گیا۔ارکان کی حلف برداری کی تقریب جاری ہے۔ کُل **266** ارکان پارلیمنٹ نے کل حلف لیا جبکہ بقیہ ارکان پارلیمنٹ آج حلف لے رہے ہیں۔ **X**

## PM EMERGENCY

وزیراعظم نریندرمودی نے اُن تمام مرد اور خواتین کوخراج عقیدت پیش کیا ہے، جنھوں نے **1975** میں ایمرجنسی کی مخالفت کی تھی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ یہ دن ہمیشہ یاد دلائے گا کہ کس طرح کانگریس پارٹی نے بنیادی آزادی کو سلب کرلیا تھا اور بھارت کا ہر شہری جس آئین کی بے حد عزت کرتا ہے اُس بھارتی آئین کو روند دیا تھا۔**x**

## SPECTRUM

مرکز آج ٹیلی مواصلات خدمات کیلئے **96** کروڑ سے زیادہ کے اِسپیکٹرم نیلامی کا آغاز کررہا ہے، جس کا مقصد موجودہ ٹیلی مواصلات خدمات کو بہتر بنانے اور اِن خدمات کے مناسب تسلسل کو برقرار رکھنا ہے۔ مواصلات کی وزارت نے کہا ہے کہ مختلف بینڈس میں اِسپیکٹرم کا کُل کُوانٹم **10** ہزار **522** اعشاریہ تین پانچ میگا ہرٹز ہے۔ اسپیکٹرم کے استعمال کی کوئی فیس نہیں ہوگی۔ اس نیلامی کے تحت حاصل کیے گئے اسپیکٹرم کی خود سپردگی کم سے کم دَس سال کی مدت کے بعد کی جاسکتی ہے۔ ٹیلی مواصلات کے محکمہ نے اِس سال آٹھ مارچ کو اسپیکٹرم کے اِس عمل کا آغاز کیا تھا۔**x**

## TRAI COMLAINT REGISTRATION

بھارت کی ٹیلی مواصلات انضباطی اتھارٹی(**TRAI**) نے غیر مطلوب تجارتی مواصلات **UCC** کو کم کرنے کی غرض سے اِس شعبے میں خدمات فراہم کرنے والوں کیلئے اِس بات کو لازمی قرار دیا ہے کہ وہ اِس بات کو یقینی بنائیں کہ **UCC** کے شکایت کے اندراج اور ترجیح کا بندوبست موبائل **Aplication** اور ویب سائٹس پر آسانی کے ساتھ قابل رسائی ہو۔محکمہ نے مزید کہا ہے کہ اگر صارفین کال **Logs** اور دیگر ضروری تفصیلات اعداد و شمار تک رسائی کی اجازت دیتے ہیں تو شکایات کے اندراج کیلئے ضروری تفصیلات خودکار طریقے سے دستیاب رہے۔**x**

## JOSHI ISO MEET

صارفین کے امور، خوراک اور سرکاری نظام تقسیم محکمے کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے پائیدار اور متنوع اقسام کی گنے کی پیداوار کیلئے عالمی اشتراک وتعاون پر زور دیا ہے۔نئی دلی میں چینی سے متعلق بین الاقوامی تنظیمی کونسل کی **64** ویں میٹنگ کے دوران ایک ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے جناب جوشی نے کہاکہ کوئی بھی منصوبہ تیار کرتے ہوئے صارفین، کسانوں اور صنعت کے مفادات کے درمیان توازن قائم رکھنا بیحد اہم ہے۔ انہوں نے ورکشاپ کے ممبران پر زور دیا کہ وہ ایک ساتھ آئیں۔ انہوں نے مزید کہاکہ آلودگی سے پاک ایندھن کی پیداوار کی اپنی صلاحیت

کی وجہ سے گنے کی کی قدروقیمت نئی بلندی تک پہنچ گئی ہے۔ X

## COMMITTEE NTA MEETING

امتحانات منعقد کرنے والی قومی ایجنسی NTA کے ذریعے شفاف انداز میں بلارکاوٹ اور منصفانہ امتحانات کے انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے وزارت تعلیم کی جانب سے تشکیل دی گئی ماہرین کی اعلیٰ سطحی کمیٹی کا پہلا اجلاس کل منعقد ہوا۔نئی دلی میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے، کمیٹی کے چیئرمین ڈاکٹر کے رادھا کرشنن نے کہا کہ کمیٹی کی ترجیح طلباء اور والدین کے خدشات اور تجاویز کو جاننا ہے، جس کے لیے کمیٹی ان کے ساتھ بات چیت کرے گی۔ ڈاکٹر رادھا کرشنن نے کہا کہ کمیٹی ایک مستحکم اور چھیڑ چھاڑ سے پاک نظام تیار کرنے پر بھی غور کر رہی ہے، جس کا مقصد طلباء کی مشکلات اور تناؤ کو کم کرنا ہے۔ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ حال ہی میں حکومت نے اسرو کے سابق چیئرمین ڈاکٹر کے رادھا کرشنن کی سربراہی میں سات رکنی ایک کمیٹی تشکیل دی ہے۔X

## CBI NEET

مرکزی تحقیقاتی بیورو سی بی آئی NEET-UG امتحانات میں مبینہ بے ضابطگیوں کے تناظر میں بہار، گجرات اور راجستھان سے 5 معاملات کی تحقیقات کرے گا۔ عہدیداران کے مطابق CBI نے گجرات اور بہار سے ایک ایک اور راجستھان سے 3 معاملے پھر سے درج کئے ہیں۔ امکان ہے کہ CBI مہاراشٹر کے لاتور سے ایک اور معاملے کی تحقیقات کرے گی۔ حکام نے مزید کہا کہ بہار پولیس کے ذریعہ درج کی گئی ایف آئی آر مبینہ پیپر لیک معاملے سے متعلق تھی جبکہ دیگر چار معاملات مبینہ بدعنوانیوں مثلاً امیدواروں کی نقالی نیز امیدواروں، مقامی عہدیداروں اور امتحان کی نگرانی کرنے والے افراد پر مشتمل دھوکہ دہی سے متعلق ہیں۔ نئی دلّی سے CBI کی ایک خصوصی ٹیم نے NEET-UG امتحان کا پرچہ مبینہ طور پر لیک ہونے کے معاملے کی تحقیقات بہار پولیس کے اقتصادی جرائم سے متعلق یونٹ سے اپنے ہاتھ میں لے لی ہے۔ اِس یونٹ نے مبینہ طور پر پیپر افشا ہونے سے متعلق اطلاعات ملنے پر NEET-UG داخلہ امتحان کے دن اِس سال 5 مئی کو معاملہ درج کیا تھا۔X

## ASSAGE FREED

وکی لیکس کے بانی جولین اسانجے کو امریکی حکام سے معاہدہ کے بعد برطانیہ کی جیل سے رہا کردیا گیا ہے۔ ان پر قومی اور دفاعی رازوں کو افشا کرنے کا الزام تھا۔ وکی لیکس نے سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں کہا ہے کہ جولین

اسانجے کو پانچ سال جیل میں گزارنے کے بعد ہائی کورٹ نے ضمانت دے دی ہے۔ امریکی محکمہ انصاف کے ساتھ ایک عارضی معاہدے میں طے شدہ شرائط کے مطابق اب وہ امریکی تحویل میں نہیں رہیں گے۔x

## NETAN YAHO CEASFIRE

اسرائیل کے وزیراعظم بنجامن نتن یاہو نے اعلان کیا ہے کہ امریکی صدر جوبائیڈن کی جانب سے تجویز کردہ یرغمالوں کے بدلے جنگ بندی کے معاہدے پر عمل کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ اپوزیشن کی جانب سے بلائے گئے ایک خصوصی **Knesset Plenum** سیشن سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے زور دیا کہ ان کے موقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئے گی۔ جناب بائیڈن نے مئی کے آخر میں سب سے پہلے جاری تنازعہ کو ختم کرنے کی تجویز پیش کی تھی۔ نتن یاہو کے اس اعلان سے پہلی بار اس بات کی تصدیق ہوتی ہے کہ اسرائیل تجویز کو منظوری دیتا ہے اور اس کی حمایت کرتا ہے۔ نتن یاہو نے **Knesset** سے مزید کہا کہ اسرائیل تب تک اِس تنازعہ کو ختم نہیں کرے جب تک کہ تمام **120** یرغمالوں کو واپس نہیں لایا جاتا۔x

## US KENYA

امریکہ نے کینیا کو ایک بڑے غیر **NATO** اتحادی **MNNA** کے طور پر نامزد کیا ہے۔وہائٹ ہاؤس کی جانب سے جاری میمورنڈم میں اِس بات کی وضاحت کی گئی ہے کہ **MNNA** امریکی قانون کے تحت ایک عہدہ ہے، جو غیر ملکی شراکت داروں کو دفاعی تجارت اور سیکورٹی تعاون کے شعبوں میں مخصوص فوائد فراہم کرتا ہے۔ صدر بائیڈن نے گزشتہ ماہ کینیا کے صدر ولیم روٹو کے تین روزہ دورہ امریکہ کے دوران کینیا کو ایک بڑا غیر**NATO** اتحادی قرار دینے کا وعدہ کیا تھا۔امریکی محکمہ خارجہ کے مطابق **MNNA** عہدہ ان ممالک کے ساتھ امریکہ کے قریبی تعلقات کی ایک طاقتور علامت ہے، اگر چہ **MNNA** کا درجہ فوجی اور اقتصادی مراعات فراہم کرتا ہے، لیکن اس میں نامزد ملک کیلئے کسی قسم کے حفاظتی وعدے شامل نہیں ہیں۔x

## SENSEX

بامبے اسٹاک ایکسچینج کے اعشاریہ میں آج **590** سے زیادہ پوائنٹس کا زبردست اُچھال آیا اور یہ **77** ہزار **900** کی نئی بلندی پر پہنچ گیا، جبکہ دوپہر کو کاروبار کے دوران **140** سے زیادہ پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ نفٹی **23** ہزار **600** پر پہنچ گیا۔ x